دماغ کی چوٹ concussion

قدیر قریشی

اپریل 13، 2017

دماغ کی چوٹ یا concussion اس چوٹ کو کہتے ہیں جو دماغ کو اس وقت لگتی ہے جب سر کو شدید جھٹکا لگے – دماغ جسم کا سب سے نازک عضو ہوتا ہے جو جیلی کی طرح نرم ہوتا ہے – کھوپڑی کی ہڈیاں دماغ کو چوٹ اور جھٹکوں سے محفوظ رکھتی ہیں – دماغ اور کھوپڑٰی کے درمیان ایک پانی کی طرح کا مائع ہوتا ہے جسے cerebro-spinal fluid کہتے ہیں – یہ پانی سر کی عمومی حرکات کے دوران دماغ کو کھوپڑٰی کی ہڈی سے جا ٹکرانے سے محفوظ رکھتا ہے – اس طرح یہ مائع اربوں کی تعداد میں موجود دماغی خلیوں یعنی نیورونز کو نقصان نہیں پہنچنے دیتا – ہر نیورون ایک لمبے دھاگے نما axons کے ذریعے دوسرے نیورونز سے بجلی کی جھٹکوں کا تبادلہ کرتے ہیں اور یوں ایک دوسرے تک انفارمیشن پہنچاتے ہیں -

اگر دماغ کو شدید جھٹکا لگے تو اس مائع کی موجودگی کے باوجود دماغ کھوپڑی کی ہڈی سے ٹکرا سکتا ہے – اس دوران دماغ کا وہ حصہ پچک جاتا ہے جو کھوپڑی کی ہڈی سے ٹکراتا ہے اور یوں اس جھٹکے کی قوت دماغ کے دوسرے حصوں تک بھی جا پہنچتی ہے – اس قوت سے کچھ نیورونز کے axons ٹوٹ جاتے ہیں یا کم از کم ان میں تناؤ آ جاتا ہے – اسے Diffuse axonal injury یا axonal shearing کہا جاتا ہے – اس طرح ان نیورونز کا دماغ کے باقی نیورونز سے مواصلاتی رابطہ ٹوٹ جاتا ہے اور دماغ کی مجموعی کارکردگی متاثر ہوتی ہے –

اس چوٹ کے کیا نتائج نکلتے ہیں اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ دماغ کے کس حصے کو صدمہ پہنچا ہے – اس چوٹ کی علامات میں سر درد، جی متلانا، چکر آنا، عضلات پر کنٹرول کم ہوجانا، روشنی سے آنکھیں چندھیا جانا، نظر دھندلا جانا، کانوں میں سیٹی کی سی آوازیں آنا، بولتے میں ہکلانے لگنا، اور بے ہوش ہوجانا ہوسکتی ہیں – اس کے علاوہ آپ کی ذہنی کارکردگی بھی متاذر ہوسکتی ہے یعنی آپ کنفیوز ہوسکتے ہیں، یاداشت خراب ہوجاتی ہے، کسی ایک کام پر توجہ مرکوز نہیں ہوپاتی، بلاوجہ غصہ آنے لگتا ہے، اور ڈیپریشن ہونے لگتا ہے

معمولی چوٹ کی صورت میں آپ کا ڈاکٹر آپ کو آرام کرنے کا مشورہ دے سکتا ہے – اس دوران ڈاکٹر آپ کی چوٹ کے نتائج پر نظر رکھے گا تاکہ صورت حال خراب ہونے کی صورت میں مناسب کاروائی کی جاسکے – آپ کو درد کم کرنے کی دوا مثلاً Ibuprofen یا acetaminophen بھی تجویز کی جاسکتی ہے – صرف وہی دوائیں استعمال کیجیے جو آپ کے ڈاکٹر نے تجویز کی ہیں – غیر ضروری ادویات کے استعمال یا شراب نوشی سے دماغ کے زخموں کو مندمل ہونے میں مزید تاخیر ہوسکتی ہے

اگر سر پر چوٹ لگنے سے آپ بیہوش ہوجائیں، یا سر درد ہو جو ختم ہونے کا نام نہ لے، الٹیاں آئیں یا آپ کو بولنے میں دشواری ہو تو فوراً طبی امداد طلب کریں کیونکہ یہ دماغ کی چوٹ کے بگڑنے کی علامات ہوسکتی ہیں

مزید ویڈیوز دیکھنے کے لیے وزٹ کیجیے ہمارا یوٹیوب چینل https://www.youtube.com/sciencekidunya

ویڈیو لنک
https://www.youtube.com/watch?v=tgChTeALF7g